إِنَّ أَحْسَنَ الْحَدِيثِ كِتَابُ اللهِ، وَأَحْسَنَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (صحیح بخاری:7277)

سب سے اچھی بات کتاب اللہ اور سب سے اچھا طریقہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا طریقہ ہے۔

وَاعْتَصِمُوا بِحَبْلِ اللهِ جَمِيعًا وَلَا تَفَرَّقُوا

اور اللہ کی رسی کو مل کر مضبوطی سے تھام لو اور تفرقے میں مت پڑو



قُلْ إِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّونَ اللهَ فَاتَّبِعُونِي يُحْبِبْكُمُ اللهُ

کہہ دو کہ اگر تم اللہ سے محبت رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُولُ اللهِ

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں محمد صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللہ کے رسول ہیں

مسنون اذکار و دعائیں

بخشش کا ذریعہ: خواہ میدان جنگ سے بھاگا ہو۔

﴿ أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ ﴾ (3 مرتبہ)

ترجمہ: میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں جس کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ زندہ ہے قائم رکھنے والا ہے اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ (مصنف ابن ابی شیبۃ:30063)

چار غلام آزاد کرنے کا ثواب

(10 مرتبہ)

﴿ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلَى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ ﴾

ترجمہ: "اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں ہے وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اور بادشاہی اسی کی ہے اور اسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں اور وہ ہر چیز پر قادر ہے۔" (صحیح بخاری:3293)

گناہوں سے توبہ واستغفار کے لیے

﴿ أَسْتَغْفِرُ اللهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ ﴾ (سنن ابن ماجہ:3815)

ترجمہ: میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اُس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ (100 مرتبہ)

پڑھنے والے کے لیے جنت واجب

﴿ رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَّبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُولًا ﴾ (سنن ابوداؤد:1529)

ترجمہ: میں اللہ پر راضی ہوں، اس کے رب ہونے پر اور اسلام کے دین ہونے پر اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رسول ہونے پر۔

قیداور مصیبتوں سے نجات

﴿ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴾ (سنن ترمذی:3505)

ترجمہ: تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو پاک ہے یقیناً میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں

درودِ پاک کی کثرت، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شفاعت اور قرب کے لیے

﴿ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ ﴾ (سنن ابوداؤد:980)

ترجمہ: اے اللہ! نبی امی محمد اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی آل پر اپنی رحمت نازل فرما۔

اللہ کو سب سے محبوب کلمات

﴿ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ﴾ (صحیح مسلم:2137)

ترجمہ: اللہ پاک ہے، سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، اللہ کے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

جنت کے خزانوں میں سے خزانہ

﴿ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ﴾ (صحیح بخاری:6409)

ترجمہ: نہیں ہے گناہ سے بچنے کی طاقت اور نہ نیکی کرنے کی قوت مگر اللہ کی مدد کیساتھ۔

زبان پر ہلکے اور میزان میں بھاری کلمات

﴿ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِیْمِ ﴾ (صحیح بخاری:6406)

ترجمہ: پاک ہے اللہ اور اپنی حمد کے ساتھ، پاک ہے اللہ عظمت والا۔

پڑھنے والے کے لیے ایک ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں اور ایک ہزار گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ (100 مرتبہ) (صحیح مسلم:6852)

ترجمہ: ''پاک ہے اللہ''۔

پڑھنے والے کے گناہ معاف ہو جاتے ہیں اگر چہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ (100 مرتبہ روزانہ) (صحیح بخاری:6405)

ترجمہ: ''پاک ہے اللہ اپنی تعریف سمیت''۔

ناگہانی آفتوں ونقصانات سے بچنے کی دعا

﴿بِسْمِ اللهِ الَّذِيْ لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَآءِ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ﴾ (3 بار صبح وشام) (سنن ابوداود:5088)

ترجمہ: اس اللہ کا نام لیتا ہوں جس کے نام کی وجہ سے زمین وآسمان کی کوئی چیز نقصان نہیں پہنچا سکتی اور وہ سننے (اور) جاننے والا ہے۔

ہر موذی چیز سے حفاظت

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ﴾ (۳ بار شام) (صحیح مسلم:2709)

ترجمہ: میں اللہ کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔

مریض کی صحت وعافیت کیلئے (سات مرتبہ) یہ دعا پڑھیں

﴿اَسْاَلُ اللهَ الْعَظِيْمَ، رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَنْ يَّشْفِيَكَ﴾ (سنن ابوداؤ:3106)

ترجمہ: میں عظمت والے اللہ سے جو عرش عظیم کا مالک ہے دعا کرتا ہوں کہ وہ تم کو شفاء دے۔

بچوں کو اللہ تعالیٰ کی پناہ میں دینے کی دعا

﴿اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ﴾ (صحیح بخاری:3371)

ترجمہ: میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے پورے پورے کلمات کے ذریعہ ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔''

بوقت مصیبت نعم البدل مانگنے کی دعا

﴿اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رٰجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ اْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا﴾ (صحیح مسلم:918)

ترجمہ: یقیناً ہم اللہ ہی کی ملکیت ہیں اور یقیناً ہم اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! اجر دے مجھے میری اس مصیبت میں اور بدلے میں عطا فرما مجھے اس سے زیادہ بہتر۔

دنیا وآخرت کی بھلائی کے لیے

اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً، وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً، وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

ترجمہ: اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھلائی (حسنۃ) عطا کر اور آخرت میں
بھلائی عطا کر اور ہمیں دوزخ سے بچا۔ (صحیح بخاری:6389)

والدین کے لیے دعا

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا۔

اے میرے رب جس طرح انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے اسی طرح تو بھی ان پر رحم فرما۔ (بنی اسرائیل:24)

بیمار پرسی کے وقت یہ دعا پڑھیں

لَا بَأْسَ طَهُورٌ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

ترجمہ: کوئی حرج نہیں، ان شاء اللہ یہ بخار گناہوں کو دھودے گا۔ (صحیح بخاری:3616)

دنیا وآخرت کے مسائل کا حل

حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ۔ (7بار صبح اور شام)

ترجمہ: کافی ہے مجھے اللہ، صرف وہی معبود برحق ہے، اسی پر میں نے
بھروسہ کیا ہے، وہی عرش عظیم کا رب ہے۔ (سنن ابی داؤد:5081)

سب سے افضل ذکر اور سب سے افضل دعا

ذکر: لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ   دعا: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

(سنن ابن ماجہ:3800)